| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’غ‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’غ‘ کی پہچان کرسکیں۔اس کی صوتی آواز اوراس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے دو) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کوحرف تہجی اردو کےنظم سنائی جائے گی۔بچوں سے ’ا تا ع‘ حروف کا تلفظ،صوتی آواز اوراشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کوحرف ’غ‘ کافلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف ’غ‘ ہے اس کی شکل ’ع‘ جیسی ہے اس کے اوپر ایک نقطہ ہوتا ہے۔یہ حروف تہجی کا چھبیسواں حرف ہے۔بچوں کو’غ‘ کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔بچوں کوغار کی تصویر دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ شیر غار میں رہتا ہے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ ’غار‘ کی ابتدائی آواز ’غ‘ کی ہے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’غ‘ کو درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اورحرف ’غ‘ کے ذخیرہ الفاظ (غبارہ،غلیل، غار، غالیچہ،غرارہ،غسل اورغنچہ )فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کوحروف ’غ‘ کی ورک شیٹ دی جائے گی۔رنگین کاغذ سے حرف ’غ‘ کا کولاج بنانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’غ‘ کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔’غ‘ کے اوپر کتنے نقطے آتے ہیں اور’غ‘ کون سے حرف کے بعد آتا ہے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حروف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>ورک شیٹ،رنگین کاغذ گلو | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ع‘ کا درست تلفظ،آواز اوراس کی اشیاء میں حرف ’ع‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'غ' | دن: | دوسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'غ' کو پہچان کرسکیں۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے (کوئی سے چار) الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو 'غ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'غ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کا اشیاء میں حرف 'غ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'غ' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>غبارے والا آیا دیکھو غبارے والا آیا ‏ ‏ ‏ رنگ برنگے غبارے لایا<br>نیلے پیلے لال غبارے ‏ ‏ ‏ دیکھو کتنے پیارے غبارے<br>دیکھو کتنے پیارے غبارے ‏ ‏ ‏ غبارے والا آیا دیکھو غبارے والا آیا<br>حرف 'غ' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھائی جائیں گی۔ | 10 منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 60 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'غ' پر انگلی پھیریئے اور 'غ' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتایئے 'غ' کی آواز بار بار دہرائی جائے گی بچوں کو ایک ٹوکری دی جائے گی جس پر حرف 'غ' لکھا ہوگا۔ بچوں کو مختلف تصاویر کے فلیش کارڈ دے کر 'غ' کے فلیش کارڈ ٹوکری میں ڈالنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 60<br>ٹوکری، تصاویر | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے غلیل اور غالیچہ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | |
| | **گھر کا کام:**<br>حرف 'غ' کے غباروں میں رنگ بھریے۔ | | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’غ‘ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ ’حرف ’غ‘ کو پہچان کر سکیں‘۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے (کوئی سے چار) الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’غ‘ کا تلفظ، اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ | 5منٹ | حروف اور اشیاء کے فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’غ‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس کا اشیاء میں حرف ’غ‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف۔**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’غ‘ کی کہانی سنیں گے۔<br>ایک بوڑھا آدمی غلیل بیچتا تھا۔ وہ بہت غریب تھا ایک دن اسے بازار میں ایک غرارہ اپنی بیٹی کے لیے بہت پسند آ گیا۔ مگر وہ جانتا تھا کہ غرارہ بہت مہنگا ہے وہ بہت غمگین ہوا۔ اس کی بیٹی نے کہا بابا کوئی بات نہیں ہمیں ہر حال میں اللہ کا شکر گزار رہنا چاہیے۔ بوڑھے آدمی نے جب اپنی بیٹی کی بات پر غور کیا تو اللہ کا شکر ادا کرنے لگا۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو غار کے کٹ آؤٹس دیے جائیں گے بچوں کو غار میں (Cotton Balls) سے رنگ بھرنے کو کہا جائے گا بچوں سے ’غ‘ کی صوتی آواز پوچھی جائے گی بچوں کو ’غار‘ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔ | 20منٹ | کٹ آؤٹس بھورا رنگ (Cotton Balls) | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے غبارہ اور غار کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'غ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'غ' کو پہچان سکیں' ۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے (کوئی سے سات ) الفاظ اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'غ' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔حرف 'غ' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اور اس میں استعمال ہونے والے 'غ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ظ' کا درست تلفظ،آواز اور اس کا اشیاء میں حرف 'ظ' کی نشاندہی کرنے پر ۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'غ' کے مزید الفاظ جائیں گے۔بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے غرارہ،غنچہ اور غسل کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔بچوں سے ان کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ غسل کے معنی نہانا ہے۔بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کون صبح غسل کر کے سکول آتا ہے؟ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے غ غبارے پھولانے کی مشق کروائی جائے گی۔بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 61 کھولنے کو کہا جائے گا۔بچوں سے تمام تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے اور 'غ' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی بچوں سے پوچھا جائے گا کیا عینک کی ابتدائی آواز 'غ' ہے بچوں کو 'غ' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'غ' پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | رنگین غبارے | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو تصاویر دکھا کر غرارہ،غسل، کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'غ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'غ' کو پہچان سکیں ۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے( کوئی سے سات )الفاظ اوراس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو'غ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کران کی ابتدائی آواز اوراشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3منٹ | فلیش کارد | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'غ' کا درست تلفظ،آواز اوراس کی اشیاء میں حرف 'غ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>حرف 'غ' کافلیش کارڈ دکھا کر بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کون سا حرف کررہے ہیں۔بچوں سے Sand Letters پر'غ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | Sand Letters | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'غ' پرپینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی ہر بچے کی انفرادی طور پرنگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت پر کام مکمل کر سکے۔ | 30منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے غبارہ، غالیچہ،غرارہ،غلیل، غار،غسل،غنچہ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**ہوم ورک:**<br>کاپی میں حرف 'غ' پرپینسل پھیریے۔ | 2منٹ | | |